# پری فزیبلٹی تحقیق

## (سرجیکل ماسک مینوفیکچرنگ یونٹ)

## (Surgical Mask Manufacturing Unit)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk

| SMEBFC آفس | سمیڈا ہیڈ آفس |
| --- | --- |
| کمرہ نمبر 9، فرسٹ فلور، ٹرسٹ پلازہ، ایل ایم کیو روڈ، | فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، |
| ملتان | لاہور |
| ٹیلی فون: 6800822 (92-61) | فون 92 42 111 111 456 فیکس 92 42 36304926-7 |
| www.smebfcmultan.com | helpdesk@smeda.org.pk |

سمیڈا ریجنل دفاتر

| ریجنل آفس پنجاب | ریجنل آفس سندھ | ریجنل آفس خیبر پختونخوا | ریجنل آفس بلوچستان |
| --- | --- | --- | --- |
| بلڈنگ نمبر 3، فلور: 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور | بحریہ کمپلیکس II، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی | دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور | بنگلور نمبر: A-15 چمن ہاؤس سکیم، ایئر پورٹ روڈ، کوئٹہ |
| ٹیلی فون: 111-111-456 (042) | ٹیلی فون: 111-111-456 (021) | ٹیلی فون: 9213046-47 (091) | ٹیلی فون: 2831623, 2831702 (081) |
| فیکس نمبر: 36304926-7(0423) | فیکس نمبر: 35610572 (021) | فیکس نمبر: 286908 (091) | فیکس نمبر: 2831922 (081) |
| helpdesk.punjab@smeda.org.pk | helpdesk-khi@smeda.org.pk | helpdesk-pew@smeda.org.pk | helpdesk-qta@smeda.org.pk |

دسمبر 2020

| نمبر شمار | فہرست عنوانات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| **1** | **اظہار لاتعلقی** | **2** |
| **2** | **اجمالی جائزہ** | **2** |
| **3** | **سمیڈا کا تعارف** | **3** |
| **4** | **دستاویز کا مقصد** | **3** |
| **5** | **کاروبار و منصوبے کا مختصر بیان** | **3** |
| 5.1 | پیداواری گردشِ عمل | 4 |
| 5.2 | ابتدائی و عملی استعداد | 5 |
| **6** | **انتہائی قابل توجہ امور** | **5** |
| **7** | **جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع** | **5** |
| **8** | **متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے** | **5** |
| **9** | **منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ** | **6** |
| 9.1 | معاشی کیفیت | 6 |
| 9.2 | درکار سرمایہ | 6 |
| 9.3 | کل لاگت کاروبار | 6 |
| 9.4 | درکار زمین | 7 |
| 9.5 | درکار مشینری اور آلات | 7 |
| 9.6 | درکار فرنیچر اور فکسچرز | 8 |
| 9.7 | درکار دفتری آلات | 8 |
| 9.8 | درکار خام مال | 8 |
| 9.9 | درکار افرادی قوت | 9 |
| 9.10 | متوقع آمدن | 9 |
| 9.11 | یوٹیلٹیز اور دیگر لاگتیں | 9 |
| **10** | **ماہرین و مشیران** | **10** |
| **11** | **کارآمد روابط** | **11** |
| **12** | **ضمیمہ جات** | **12** |
| 12.1 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 12 |
| 12.2 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 13 |
| 12.3 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو سٹیٹمنٹ) | 14 |
| **13** | **کلیدی مفروضے** | **15** |
| **14** | **حوالہ جات** | **15** |

## 1۔ اظہارِ لاتعلقی (Disclaimer)

یہ معلوماتی دستاویز موضوع سے متعارف کرواتی ہے اور اس بارے میں عمومی تصور اور معلومات دیتی ہے۔ اگر چہ، اس دستاویز میں شامل مواد مختلف باوثوق ذرائع سے جمع کردہ ڈیٹا/معلومات پر مبنی ہے، مگر اس کی بنیاد مخصوص مفروضات پر بھی ہے جو مختلف صورتوں میں مختلف ہو سکتے ہیں۔ معلومات کی درستگی یا معتبریت کے بارے میں کوئی دعوے یا یقین دہانیوں کے بغیر من وعن پیش کیا گیا ہے۔ اگر چہ اس دستاویز کی تدوین میں حد درجہ احتیاط اور توجہ برتی گئی ہے، لیکن اس میں دی گئی معلومات متعلقہ عوامل میں کسی تبدیلی کی وجہ سے فرق ہو سکتے ہیں اور اصل نتائج پیش کردہ معلومات سے خاصے مختلف ہو سکتے ہیں۔ SMEBFC ملتان، سمیڈا (SMEDA)، اس کے ملازمین اور ایجنٹ اس دستاویز کی وجہ سے کی گئی کسی سرگرمی کے نتیجے میں ہونے والے کسی بھی مالی یا دیگر نقصان کے ذمہ دار نہیں۔ شامل معلومات مزید کسی پروفیشنل مشاورت کو خارج از امکان نہیں بناتی۔ اس دستاویز کے متوقع استعمال کنندگان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اضافی کاوش کریں اور ایک باوثوق فیصلہ کرنے کے لئے ضروری معلومات اکٹھی کریں، بشمول معلومات پر عمل کرنے کے کسی بھی فیصلے سے قبل کسی کنسلٹنٹ/تکنیکی ماہر کے ساتھ پروفیشنل مشاورت کر لیں۔

SMEBFC ملتان اور SMEDA کی جانب سے پیش کردہ خدمات کے متعلق مزید معلومات کے لیے ہماری ویب سائیٹ پر رابطہ کریں:

www.smebfcmultan.com - www.smeda.org.pk

دستاویز

| | |
|---|---|
| دستاویز | پری فزیبلٹی نمبر 1 |
| تیار کردہ | SMEBFC ملتان |
| تاریخ تیاری | دسمبر 2020 |
| مزید معلومات | info@smebfcmultan.com |

## 2۔ اجمالی جائزہ (Executive Summary)

موجودہ کووڈ 19 (Covid-19) وبائی بیماری سے نہ صرف صحت کے مسائل بلکہ معاشی چیلنجز بھی لاحق ہوئے ہیں۔ ماسک (Mask) کا استعمال اس بیماری کی منتقلی کو روکنے اور اس کے مہلک خطرات کو کم کرنے کے لئے کلیدی قدم ہے۔ بین الاقوامی اور مقامی طلب، کم سرمایہ کاری، خام مال اور کم لاگت اور ہنر مند افرادی قوت کی دستیابی، ماسک مینوفیکچرنگ کے کاروبار کو شروع کرنے کے لئے ممکنہ مواقع فراہم کرتی ہے۔

یہ پری فزیبلٹی تحقیق پاکستان بھر میں کسی بھی شہر کے صنعتی علاقے کے فرسٹ ٹائر (1st Tier) اور سیکنڈ ٹائر ٹائر (2nd Tier) میں سرجیکل ماسک تیار کرنے والے یونٹ کو قائم کرنے کے متعلق بنیادی معلومات فراہم کرتی ہے۔ یہ یونٹ 1731 مربع فٹ کے رقبہ پر بشمول خام مال سٹوریج، مینوفیکچرنگ پلانٹ اور تیار شدہ مصنوع کو ذخیرہ کرنے کی سہولت کے لئے قائم کیا جا سکتا ہے۔

مصنوع (Product) 3 پرتوں (3 Plies) والے سرجیکل ماسک پر مشتمل ہے جسے عام طور پر پاکستان میں استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہ مقامی مارکیٹ میں تیار، پیک اور مسابقتی قیمت پر فروخت کیا جا سکتا ہے۔ یونٹ پہلے سال میں 75 فیصد استعداد پر سالانہ 194,400 ڈبے تیار کرے گا۔ پیداوار میں سالانہ اضافہ 5 فیصد ہوگا اور زیادہ سے زیادہ استعداد 90 فیصد ہوگی یعنی کہ 233,280 ڈبے۔

ماسک مینوفیکچرنگ یونٹ کی قانونی حیثیت کل سرمایہ کاری تقریباً 4.5 ملین روپے کے ساتھ فردِ واحد کی ملکیت تجویز کی گئی ہے۔ یہ 2.9 ملین روپے مستقل سرمایہ کاری اور 1.6 ملین روپے گردشی سرمایہ پر مشتمل ہے۔ اس منصوبہ کی موجودہ قدرِ حاصل، اندرونی شرح منافع اور مدتِ واپسی 19.6 ملین روپے، 62 فیصد اور 2.32 سال بالترتیب ہیں۔ یہ منصوبہ 12 افراد بشمول مالک/ مینجر اور فنی پیس تیار کرنے والے ورکرز کو روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔ سرمایہ کاری پر بھاری منافع اور کاروبار میں مستحکم ترقی کا انحصار کاروباری شخص کے پہلے سے موجود علم اور تجربہ پر ہے۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف (Introduction to SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کی خاطر عمل میں لایا گیا۔ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے SMEs کو بزنس ڈویلپمنٹ سروسز بشمول ضرورت کی بنیاد پر تربیتی پروگرامز، کاروبار کی ترقی کے لئے رہنمائی اور سرمایہ کاری کے مواقع کے لئے پری فزیبلٹی تحقیق پیش کی ہیں۔

SME بزنس سہولت سنٹر ملتان، سمیڈا، MoI&P، حکومت پاکستان کا ایک PSDP پراجیکٹ ہے۔ سمیڈا کے زیر اہتمام یہ سہولت مرکز جنوبی پنجاب کے علاقوں کے ایس ایم ایز کی ترقی کے لئے ایک مسہل کار مرکز کی حیثیت رکھتا ہے۔ یہ سنٹر SMEs اور ممکنہ کاروباری افراد کو مارکیٹنگ، ٹیکنالوجی، سرمائے کے حصول، قواعد وضوابط کی تعمیل، کاروبار کی رجسٹریشن، کارپوریشن، ٹیکسیشن، تعمیر استعداد میں معاونت سے متعلق معلومات اور خدمات فراہم کرتا ہے۔

علاقائی بنیاد پر SMEs کو سرمایہ کاری کے مخصوص مواقعوں کی نشاندہی اور او ٹی سی (OTC) مصنوعات کی ترقی SMEBFC ملتان کی فراہمی خدمات کا اہم جزو ہے اور ممکنہ سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کا فیصلہ کرنے میں اہم معلومات فراہم کرتا ہے۔

ان ابتدائی تحقیقی جائزوں کے ساتھ ساتھ سمیڈا کی جانب سے SMEs وسیع پیمانے پر فروغِ کاروبار کی خدمات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔ ان خدمات میں ہیلپ ڈیسک سروسز کے ذریعے کاروباری رہنمائی کے علاوہ ماہرین اور کنسلٹنٹس کی نشاندہی اور ضروریات کی بنیاد پر تعمیر استعداد کے مختلف النوع کے تربیتی پروگرام بھی شامل ہیں۔

## 4۔ دستاویز کا مقصد (Purpose of the Document)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔ اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیر نظر دستاویز میں سرجیکل ماسک مینوفیکچرنگ یونٹ (Surgical Mask Manufacturing Unit) قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام بھی ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات بھی میسر نہیں ہیں۔ لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔ اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعد از اں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 5۔ منصوبے اور مصنوعات کا مختصر بیان (Brief Description of Project & Product)

یہ پری فزیبلٹی ماسک مینوفیکچرنگ یونٹ قائم کرنے کے متعلق ہے۔ موجودہ وبائی صورت حال کی وجہ سے سرجیکل ماسک مینوفیکچرنگ یونٹ کے کاروبار کو شروع کرنے کے لئے وسیع مواقع موجود ہیں۔ میٹروپولیٹن شہروں میں ماسک کے استعمال میں بہت زیادہ اضافہ ہوا ہے۔ یہ یونٹ 3 پرتوں (3 Plies) والے ماسک تیار کرے گا۔ پہلے سال میں منصوبہ کی پیداواری استعداد 75 فیصد سالانہ تجویز کی گئی ہے اور یہ 194,400 ڈبے تیار کرے گا۔ 5 فیصد سالانہ شرح اضافہ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ قابل عمل استعداد 90 فیصد پر کام کرے گا۔ خام مال بغیر بُنا کپڑا (Non-woven fabric) فیصل آباد، لاہور، گوجرانوالہ اور کراچی سے خریدا جائے گا۔ یونٹ ماسک بنانے کے لئے نیم خودکار (Semi- Automatic) اور الٹراسونک پنچنگ مشینوں (Ultra Sonic Punching Machines) سے لیس ہوگا جو بالترتیب ماسک لیف (Mask

(Leaf) تیار کرنے اور ایئر لوپ (Ear Loop) کو منسلک کرنے کے لئے ہے۔ یہ یونٹ شہری علاقوں کے فرسٹ ٹائر (1st Tier) اور سیکنڈ ٹائر (2nd Tier) صنعتی علاقوں میں قائم کیا جائے گا۔ ہدفی مارکیٹ/گاہک پاکستان کے بڑے شہر بشمول ملتان، بہاولپور، مظفرگڑھ، ڈیرہ غازی خان، لاہور، کراچی وغیرہ ہوں گے۔ یہ منصوبہ 12 افراد کو روزگار کے مواقع فراہم کرے گا۔

## 5.1۔ پیداواری گردشِ عمل (Production Process Flow)

ماسک مینوفیکچرنگ کے لئے پیداواری گردشِ عمل مندرجہ ذیل ہے:

**پہلا مرحلہ: خام مال کا حصول (Raw Material Procurement)**

ماسک کی تیاری کے مراحل میں پہلا مرحلہ بغیر بُنے کپڑے کا حصول ہے جو پولی پروپیلین (Polypropylene)، ہائیڈروفوبِک (Hydrophobic) اور ہائیڈروفیلک (Hydrophilic) فیبرک پر مشتمل ہے۔ تین پرتوں (3 Plies) والے سرجیکل ماسک میں استعمال ہونے والے خام مال کا حصول، قیمت اور مصنوع کی مسابقت کے ضمن میں اہم مرحلہ ہے۔

**دوسرا مرحلہ: ماسک لیف تیار کرنا (Mask Leaf Making)**

خام مال کے حصول کے بعد فیبرک کوائل (Fabric Coil) کو ماسک بنانے والی نیم خودکار مشین پر نصب کیا جاتا ہے۔ یہ مشین سرجیکل ماسک کے ڈیزائن اور سائز کے مطابق 3 پرتوں والے فیبرک کو رکھتی ہے۔ ماسک بنانے والی مشین میں لیئرنگ (Layering) کے عمل کے دوران ایک دھاتی نوز پِن (Metallic Nose Pin) میکانی طریقے سے ڈالی جاتی ہے اور ماسک کے کناروں کو الٹراسونک (Ultra Sonic) طریقے سے ایک دوسرے کے ساتھ ملا دیا جاتا ہے۔ غیر بُنے ہوئے فیبرک کی تینوں پرتوں کو جوڑنے کے بعد ماسک لیف کو ضرورت کے مطابق مساوی سائزوں میں کاٹ دیا جاتا ہے۔


**تیسرا مرحلہ: ایئر لوپ منسلک کرنا (Ear-Loop Attachment)**

ایئر لوپ کو الٹراسونک پنچنگ مشین کے ذریعے ماسک کے ساتھ جوڑ دیا جاتا ہے۔ الٹراسونک پنچنگ مشین لچکدار ڈوری کو الٹراسونک پنچنگ کے ذریعے منسلک کرتی ہے۔

**چوتھا مرحلہ: ٹیسٹنگ اور پیکجنگ (Testing and Packaging)**

تیار شدہ ماسک (مصنوع) کو معیار کے مطابق ٹیسٹ کیا جاتا ہے۔ کسی بھی حفاظتی ساز و سامان کی تیاری میں معیار کی جانچ پڑتال اس کے استعمال کنندہ کی حفاظت کے لئے کلیدی جزو ہے۔ معیار کی جانچ پڑتال کے بعد مصنوع کو 50 عدد ماسک کے ڈبے میں پیک کر دیا جاتا ہے۔ یہ ڈبے پھر کارٹن میں رکھ دیئے جاتے ہیں۔

**فِگر نمبر 1 : پیداواری گردشِ عمل ڈایاگرام**



**پانچواں مرحلہ: ترسیل (Distribution)**

پیکنگ کے بعد پیک شدہ کارٹونوں کی مارکیٹ میں خریداری آرڈر کے مطابق ترسیل کر دی جاتی ہے۔ فروخت کنندگان کو ترسیل براہ راست مینوفیکچررز سے ہوسکتی ہے یا باہمی انتظامات کے ذریعے دکانوں اور مارکیٹوں میں سپلائی فراہم کی جاسکتی ہے۔

## 5.2۔ ابتدائی اور عملی استعداد (Installed and Operational Capacities)

سرجیکل ماسک مینوفیکچرنگ کے کاروبار کے مالی استحکام کو مدِنظر رکھتے ہوئے 1,731 مربع فٹ رقبہ کرائے کی بنیاد پر حاصل کرنا تجویز کیا گیا ہے۔ یونٹ عمل کے پہلے سال کے دوران 75 فیصد عملی استعداد پر 194,400 ڈبے تیار کرے گا۔ سالانہ 5 فیصد شرح اضافہ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ عملی استعداد 90 فیصد پر کام کرے گا۔ بیان کی گئی استعداد سے پیداوار کے لئے مندرجہ ذیل مشینری درکار ہوگی:

☆......نیم خودکار ماسک بنانے والی مشین۔

☆......الٹرا سونک پنچنگ مشین۔

## 6۔ انتہائی قابلِ توجہ امور (Critical Factors)

اس کاروبار کی کامیابی کے لئے مندرجہ ذیل عوامل انتہائی اہم ہیں:

☆......مناسب قیمتوں پر معیاری خام مال کی مستقل بنیادوں پر فراہمی۔

☆......مصنوع کے معیار کو یقینی بنانے کے لئے پیداواری عمل کے متعلق تکنیکی علم اور سخت نگرانی۔

☆......مارکیٹ تک آسان رسائی اور خام مال کی دستیابی کے لئے یونٹ کا قریب ہونا۔

☆......فروخت کے وسیع دائرہ کار کے لئے مسابقتی قیمت اور مارکیٹنگ کی حکمت عملیاں۔

☆......مقامی اور بین الاقوامی معیارات کے مطابق تکمیل۔

☆......صنعتی روابط، براہ راست مارکیٹنگ اور طویل مدتی معاہدوں کے لئے باہمی گفت وشنید کے ذریعے آرڈرز حاصل کرنے کی قابلیت۔

## 7۔ جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع (Geographical Potential for Investment)

اس منصوبے کی کامیابی کے لئے خام مال تک آسان رسائی، ہنرمند افرادی قوت کی دستیابی اور تیارشدہ سامان کی آسانی سے نقل وحمل اہم عوامل ہیں۔ تاہم، جنوبی پنجاب کے شہر بشمول ملتان، بہاولپور، جھنگ، ڈی جی خان وغیرہ اس منصوبے کی کامیابی کے لئے موزوں ہیں۔ ان شہروں میں یونٹ کے قیام کا بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ یہ بڑی شہری بنیاد کے قریب ہوگا جو مستقل آرڈرز اور حوالہ جات حاصل کرنے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔

## 8۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے (Potential Target Markets / Customers)

موجودہ کوویڈ 19 منظرنامے میں لوگوں کے بدلتے ہوئے طرزِ زندگی کی وجہ سے پاکستان میں سرجیکل ماسک کی تیاری ایک اُبھرتا ہوا کاروبار ہے۔ اس یونٹ کے لئے ہدفی مارکیٹ ہیلتھ کیئر سروسز ڈیلیوری یونٹس، تعلیمی ادارے، ہیلتھ پروفیشنلز، شاپنگ مالز اور گورنمنٹ ایجنسیوں پر مشتمل ہے۔ یہ صنعت پہلے ہی پاکستان کے میٹروپولیٹن شہروں میں بڑی طلب رکھتی ہے۔ تاہم ملتان، ڈیرہ غازیخان، بہاولپور، رحیم یارخان، سکھر، شیخوپورہ وغیرہ میں مصنوع کی بڑھتی ہوئی طلب موجود ہے۔

# 9۔ منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ (Project Cost Summary)

## 9.1۔ معاشی کیفیت (Project Economics)

اس مالیاتی ماڈل میں تمام اعداد وشمار کا حساب پہلے سال میں ممکنہ سیلز 28.9 ملین روپے کے لئے کیا گیا ہے۔ پہلے سال کے دوران قابلِ عمل استعداد 75 فیصد پر کام کرے گا جبکہ آنے والوں سالوں میں 5 فیصد اضافہ کے ساتھ زیادہ سے زیادہ عملی استعداد 90 فیصد ہو گی۔

مندرجہ ذیل جدول میں اندرونی شرح منافع(IRR)، کل مدت واپسی(Pay Back Period)اور موجودہ قدر حاصل(NPV) کی تفصیل فراہم کی گئی ہے:

**جدول نمبر 1 : معاشی کیفیت (Project Economics)**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع(IRR) | 62 فیصد |
| کل مدت واپسی (سال) Pay Back Period (Yrs) | 2.32 سال |
| موجودہ قدر حاصل (روپے) (Net Present Value) (Rs.) | 19.6 ملین روپے |

## 9.2۔ درکار سرمایہ (Project Financing)

مندرجہ ذیل جدول درکار ذاتی سرمائے اور بینک قرض سے متعلق متغیر کی تفصیلات فراہم کرتا ہے:

**جدول نمبر 2 : درکار سرمایہ (Project Financing)**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| ذاتی سرمایہ(100 فیصد) | 4.5 ملین روپے |
| بینک کا قرضہ | * |
| قرض لینے والے کے لئے مارک اَپ (فیصد/ سالانہ) | * |
| قرض کی مدت (سال) | * |

## 9.3۔ کل لاگت کاروبار (Project Cost)

تجویز کردہ کاروبار کے عمل کے لئے مندرجہ ذیل جدول میں درکار مستقل اور گردشی سرمائے کی ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہے:

**جدول نمبر 3 : کل لاگت کاروبار (Project Cost)**

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| **مستقل لاگت** | |
| مشینری اور آلات | 2,220,000 |
| فرنیچر اور فکسچر | 206,750 |
| دفتری گاڑیاں | 115,500 |
| دفتری آلات | 2,500 |
| کمپیوٹر آلات | 40,000 |
| بلڈنگ سکیورٹی | 105,000 |

| | |
|---|---|
| قبل از پیداوار لاگت | 215,500 |
| **کل مستقل لاگت** | **2,905,250** |
| **گردشی سرمایہ** | |
| آلات کے سپئیر پارٹ کی انوینٹری | 5,550 |
| خام مال کی انوینٹری | 718,031 |
| بلڈنگ کا پیشگی کرایہ | 105,000 |
| انشورنس کی پیشگی ادائیگی | 5,775 |
| نقد | 776,976 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **1,611,332** |
| **کل لاگت کاروبار** | **4,516,582** |

## 9.4۔ درکار زمین (Space Requirement)

مجوزہ سرجیکل ماسک مینوفیکچرنگ یونٹ کے لئے درکار زمین کا تخمینہ مختلف سہولیات بشمول مینجمنٹ آفس، پروڈکشن ہال، سٹوریج وغیرہ کو مدِنظر رکھ کر لگایا گیا ہے۔تجویز کردہ یونٹ کو قائم کرنے کے لئے 6.35 مرلہ کا پلاٹ (1,731 مربع فٹ) رقبہ درکار ہوگا۔اس زمین کو منصوبہ کی لاگت اور کاروبار کی نوعیت کو مدِنظر رکھتے ہوئے کرائے پر حاصل کرنا تجویز کیا گیا ہے۔درکار زمین کی تفصیلات میں زمین اور عمارت کے متعلق لاگت کی تفصیلات نیچے جدول میں فراہم کی گئی ہیں:

**جدول نمبر 4 : درکار زمین (کرایہ کی بنیاد پر) (Space Requirement)(On Rental Basis)**

| مندرجات | درکار رقبہ (مربع فٹ) | لاگت فی مربع فٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| ایڈمن بلاک | 450 | 20.22 | 9,095 |
| پروڈکشن بلاک | 551 | 20.22 | 11,140 |
| فنشڈ گڈز/میٹریل سٹور | 730 | 20.22 | 14,770 |
| **ٹوٹل** | **1,731** | **31.00** | **35,000** |

## 9.5۔ درکار مشینری اور آلات (Machinery & Equipment Requirement)

تجویز کردہ منصوبہ کے لئے درکار پلانٹ، مشینری اور آلات نیچے بیان کئے گئے ہیں:

**جدول نمبر 5 : درکار مشینری اور آلات (Machinery & Equipment Requirement)**

| مندرجات | تعداد | لاگت یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| ماسک بنانے والی مشین | 1 | 1,700,000 | 1,700,000 |
| الٹراسانک پنچنگ مشین | 6 | 70,000 | 420,000 |
| جنریٹر (4 کے وی) | 1 | 100,000 | 100,000 |
| **ٹوٹل** | | | **2,220,000** |

## 9.6۔ درکار فرنیچر اور فکسچر ز (Furniture & Fixtures Requirement)

منصوبہ کے لئے درکار فرنیچر اور فکسچر ز کی تفصیلات نیچے دی گئی ہیں:

**جدول نمبر 6 : درکار فرنیچرز اور فکسچر ز (Furniture & Fixture Requirement)**

| مندرجات | تعداد | لاگت یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| دفتر کے لئے میزیں | 2 | 10,000 | 20,000 |
| کرسیاں | 4 | 4,000 | 16,000 |
| بڑا میز ("5"×8) پیکنگ کے لئے | 2 | 10,000 | 20,000 |
| بینچ | 8 | 2,500 | 20,000 |
| سٹول | 4 | 2,000 | 8,000 |
| سیلنگ فینز | 5 | 4,000 | 20,000 |
| انرجی سیور لائٹس | 15 | 250 | 3,750 |
| واٹر کولر | 1 | 20,000 | 20,000 |
| ایئر کنڈیشنر | 1 | 70,000 | 70,000 |
| آگ بجھانے والے آلات | 2 | 4,500 | 9,000 |
| **ٹوٹل** | | | **206,750** |

## 9.7۔ درکار دفتری آلات (Office Equipment Requirement)

سرجیکل ماسک تیار کرنے والے یونٹ کے لئے ذیل میں دیئے گئے دفتری آلات درکار ہوں گے:

**جدول نمبر 7 : درکار دفتری آلات (Office Equipment Requirement)**

| مندرجات | تعداد | لاگت فی یونٹ (روپے) | کل لاگت (روپے) |
|---|---|---|---|
| ٹیلی فون سیٹ | 1 | 2,500 | 2,500 |
| **ٹوٹل** | | | **2,500** |

## 9.8۔ درکار خام مال (Raw Material Requirement)

مندرجہ ذیل جدول ایک ماسک تیار کرنے کے لئے خام مال اور دیگر تفصیلات فراہم کرتا ہے:

**جدول نمبر 8: درکار خام مال (Raw Material Requirement)**

| مندرجات | یونٹ | لاگت فی یونٹ | تعداد تیار شدہ | لاگت فی یونٹ (فی ماسک روپے) |
|---|---|---|---|---|
| بغیر بُنا فیبرک (3 پلائی) | کلوگرام | 400 | 348 | 1.15 |
| نوز پن | کلوگرام | 1,100 | 7,333 | 0.15 |
| ایلیسٹک ایئر لوپ | کلوگرام | 600 | 2,400 | 0.25 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پیکنگ کے لئے ڈبے+کارٹن | ڈبہ | 5 | 50 | 0.30 |
| **لاگت فی یونٹ** | | | | **1.85** |

## 9.9۔ درکار افرادی قوت (Human Resource Requirement)

سرجیکل ماسک مینوفیکچرنگ یونٹ کے کاروباری امور کو باآسانی چلانے کے لئے درکار افرادی قوت کی تفصیلات ماہانہ تنخواہوں کے ساتھ ذیل میں تجویز کی گئی ہیں:

**جدول نمبر9 : درکار افرادی قوت (Human Resource Requirement)**

| مندرجات | ملازمین کی تعداد | ماہانہ تنخواہ فی ملازم (روپے) |
|---|---|---|
| مالک/منیجر | 1 | 50,000 |
| اکاؤنٹس آفیسر | 1 | 30,000 |
| مشین آپریٹرز | 1 | 25,000 |
| ہیلپر/ڈرائیور | 1 | 18,000 |
| آفس بوائے | 1 | 17,500 |
| مارکیٹنگ ایگزیکٹو | 1 | 25,000 |
| **ٹوٹل** | **6** | **165,500** |

## 9.10۔ متوقع آمدن (Revenue Generation)

پہلے سال کے لئے قابل عمل پیداواری استعداد کا تخمینہ 75 فیصد لگایا گیا ہے۔ زیادہ سے زیادہ عملی استعداد 90 فیصد تک ہر آنے والے سال میں پیداوار میں 5 فیصد اضافہ ہوگا۔ عمل کے پہلے سال کے دوران میں آمدنی کا تخمینہ نیچے دیا گیا ہے:

**جدول نمبر10: متوقع آمدن۔ پہلے سال (Revenue Generation- Year 1)**

| مندرجات | تیار کردہ یونٹس (تعداد) | فنشڈ گڈز انوینٹری (تعداد) | فروخت کیلئے دستیاب یونٹس (تعداد) | قیمت فروخت/یونٹس (روپے) | آمدنی (روپے) |
|---|---|---|---|---|---|
| سرجیکل ماسک (3 پلائی) | 194,400 | 8,100 | 186,300 | 155 | 28,876,500 |
| **ٹوٹل** | | | | | **28,876,500** |

## 9.11۔ یوٹیلٹیز اور دیگر لاگتیں (Utilities and Other Costs)

اس منصوبہ میں برداشت کی جانے والی اہم ترین لاگت بجلی کے اخراجات ہیں۔ منصوبہ میں بجلی کے اخراجات کا تخمینہ تقریباً 41,680 روپے ماہانہ لگایا گیا ہے۔ اس خرچے کی لاگت 500,165 روپے سالانہ ہوگی۔ مزید برآں سرجیکل ماسک مینوفیکچرنگ یونٹ کے لئے پہلے تین سال کے لئے ضروری تشہیری اخراجات کا تخمینہ انتظامی اخراجات/سیلز کے اخراجات کی لاگت کا 0.5 فیصد لگایا گیا ہے۔ تین سال کے بعد تشہیری اخراجات گزشتہ سال کا 80 فیصد رہ جانے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

## 10۔ ماہرین ومشیران (Contact Details)

ممکنہ سرمایہ کاروں کی سہولت کے لئے پرائیویٹ سیکٹر میں خدمات فراہم کرنے والوں سے روابط کیلئے تفصیلات ذیل میں فراہم کی گئی ہیں:

### 10.1۔مشینری کے سپلائرز (Machinery Suppliers)

| سپلائر کا نام | پتہ | فون نمبر |
|---|---|---|
| گڈ پلس (مسٹر عبدالوارث) | مسلم ٹاؤن، لاہور | 0311-4043735 |
| شاہد رضا | لطیف آباد، نزد گورنمنٹ سردار بیگم سکول، سیالکوٹ، پنجاب | 0333-8718844 |
| ایور گرین انٹر پرائزز | النگ روڈ، دولت گیٹ، ملتان | (+92) 300-8632361 |

### 10.2۔ٹیکنیکل ایکسپرٹس/کنسلٹنٹس (Technical Experts/ Consultants)

| نام ایکسپرٹ/آرگنائزیشن | پتہ | فون نمبر | ویب سائٹ |
|---|---|---|---|
| ایم بلال | شاہ رُکن عالم، ملتان | (+92) 0303-7395335 | |
| ایور گرین انٹر پرائزز (حماد اللہ خان) | النگ روڈ، دولت گیٹ، ملتان | (+92) 0300-8632361 | |
| ایکوفرینڈلی انٹر پرائزز مسٹر زوہیر | 315 سٹریٹ3، I-9/3 I<br>I-9 9/3، آئی سی ٹی، اسلام آباد | (+92) 0311-5888689<br>(+92) 0317-8090447 | www.ecofriendly.com.pk |

### 10.3۔خام مال کے سپلائرز (Raw Material Suppliers)

| سپلائر کا نام | پتہ | فون نمبر | ای میل/ویب سائٹ |
|---|---|---|---|
| کے اینڈ اے ٹیکسٹائل | لطیف گارڈن، مانہ والہ، فیصل آباد | +92 41 875 1730 | katextiles@katextiles.com<br>www.katextiles.com |
| ایسیوائن انٹرنیشنل کمپنی (مسٹر محمد طارق یعقوب) | 12-G/F، آفتاب اسلم پلازہ، سرگودھا روڈ، فیصل آباد | 92-56-6300020<br>923044098428 | |
| گوہر ٹیکسٹائل ملز (پرائیویٹ لمیٹڈ) | 3Km جھمرہ روڈ، کھڑیانوالہ، فیصل آباد، پاکستان | +92 41 4362290 | info@chawala.com.pk<br>www.chawala.pk |

## 11۔ کارآمد روابط (Useful Links)

| | |
|---|---|
| www.smeda.org.pk | سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) |
| www.pakistan.gov.pk | حکومتِ پاکستان |
| www.moip.com.pk | منسٹری آف انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن |
| www.punjab.gov.pk | گورنمنٹ آف پنجاب |
| www.sindh.gov.pk | گورنمنٹ آف سندھ |
| www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk | گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا |
| www.balochistan.gov.pk | گورنمنٹ آف بلوچستان |
| www.gilgitbaltistan.gov.pk | گورنمنٹ آف گلگت بلتستان |
| wwwlajk.gov.pk | گورنمنٹ آف آزاد جموں اینڈ کشمیر |
| www.tdap.gov.pk | ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) |
| www.secp.gov.pk | سیکیورٹی کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) |
| www.fpcci.com.pk | فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) |
| www.sbp.org.pk | سٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) |
| www.psic.gop.pk | پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن |
| www.ssic.gos.pk | سندھ سمال انڈسٹریز کارپوریشن |
| www.pvtc.gop.pk | پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل (پی وی ٹی سی) |
| www.tevta.org | ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹی ای وی ٹی اے) |
| www.pie.com.pk | پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹس (پی آئی ای) |
| www.fiedmc.com.pk | فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (ایف آئی ای ڈی ایم سی) |

## 12۔ ضمیمہ جات (Annexeures)

### 12.1۔ آمدن کا گوشوارہ (Income Statement)

**Income Statement**

Rs. in actuals

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 28,876,500 | 35,262,810 | 41,219,739 | 48,015,426 | 52,939,513 | 58,233,465 | 64,056,811 | 70,462,492 | 77,508,742 | 85,259,616 |
| Cost of goods sold | 23,825,661 | 28,605,616 | 32,936,164 | 37,834,072 | 41,205,944 | 44,817,642 | 48,788,393 | 53,153,997 | 57,953,827 | 63,231,190 |
| Gross Profit | 5,050,839 | 6,657,194 | 8,283,575 | 10,181,354 | 11,733,570 | 13,415,823 | 15,268,418 | 17,308,496 | 19,554,914 | 22,028,426 |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 1,854,600 | 2,040,060 | 2,244,066 | 2,468,473 | 2,715,320 | 2,986,852 | 3,285,537 | 3,614,091 | 3,975,500 | 4,373,050 |
| Rental expense | 420,000 | 462,000 | 508,200 | 559,020 | 614,922 | 676,414 | 744,056 | 818,461 | 900,307 | 990,338 |
| Utilities expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Travelling & Comm. expense (phone, fax, etc.) | 143,310 | 157,641 | 173,405 | 190,746 | 209,820 | 230,802 | 253,882 | 279,271 | 307,198 | 337,917 |
| Office vehicles running expense | 23,100 | 25,410 | 27,951 | 30,746 | 33,821 | 37,203 | 40,923 | 45,015 | 49,517 | 54,469 |
| Office expenses (stationary, etc.) | 67,440 | 74,184 | 81,602 | 89,763 | 98,739 | 108,613 | 119,474 | 131,421 | 144,564 | 159,020 |
| Promotional expense | 144,383 | 129,944 | 116,950 | 105,255 | 94,729 | 85,256 | 76,731 | 69,058 | 62,152 | 55,937 |
| Insurance expense | 5,775 | 4,620 | 3,465 | 2,310 | 1,155 | 9,301 | 7,441 | 5,580 | 3,720 | 1,860 |
| Professional fees (legal, audit, etc.) | 72,191 | 88,157 | 103,049 | 120,039 | 132,349 | 145,584 | 160,142 | 176,156 | 193,772 | 213,149 |
| Depreciation expense | 279,475 | 279,475 | 279,475 | 281,956 | 281,556 | 295,797 | 298,668 | 298,205 | 298,205 | 301,529 |
| Amortization expense | 43,100 | 43,100 | 43,100 | 43,100 | 43,100 | - | - | - | - | - |
| Connection charges | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Property tax expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Miscellaneous expense | 93,895 | 108,532 | 123,031 | 139,345 | 153,463 | 168,810 | 185,691 | 204,260 | 224,686 | 247,154 |
| Subtotal | 3,147,269 | 3,413,123 | 3,704,295 | 4,030,751 | 4,378,974 | 4,744,631 | 5,172,545 | 5,641,519 | 6,159,620 | 6,734,424 |
| Operating Income | 1,903,571 | 3,244,070 | 4,579,280 | 6,150,603 | 7,354,596 | 8,671,192 | 10,095,874 | 11,666,977 | 13,395,294 | 15,294,002 |
| Other income | 30,388 | 80,348 | 178,135 | 306,388 | 464,040 | 648,618 | 864,849 | 1,113,373 | 1,396,254 | 1,777,506 |
| Gain / (loss) on sale of assets | - | - | 10,000 | - | 47,200 | 21,576 | - | - | 34,977 | 27,924 |
| Earnings Before Interest & Taxes | 1,933,959 | 3,324,418 | 4,767,414 | 6,456,991 | 7,865,836 | 9,341,386 | 10,960,722 | 12,780,350 | 14,826,525 | 17,099,432 |
| Interest expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Tax | 1,933,959 | 3,324,418 | 4,767,414 | 6,456,991 | 7,865,836 | 9,341,386 | 10,960,722 | 12,780,350 | 14,826,525 | 17,099,432 |
| Tax | 180,094 | 451,105 | 850,224 | 1,379,946 | 1,873,042 | 2,389,485 | 2,956,252 | 3,593,122 | 4,309,283 | 5,104,801 |
| NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX | 1,753,865 | 2,873,314 | 3,917,190 | 5,077,044 | 5,992,794 | 6,951,901 | 8,004,470 | 9,187,228 | 10,517,242 | 11,994,631 |
| Balance brought forward | | 1,753,865 | 4,627,179 | 8,544,369 | 13,621,413 | 19,614,207 | 26,566,108 | 34,570,578 | 43,757,806 | 54,275,047 |
| Total profit available for appropriation | 1,753,865 | 4,627,179 | 8,544,369 | 13,621,413 | 19,614,207 | 26,566,108 | 34,570,578 | 43,757,806 | 54,275,047 | 66,269,678 |
| Dividend | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Balance carried forward | 1,753,865 | 4,627,179 | 8,544,369 | 13,621,413 | 19,614,207 | 26,566,108 | 34,570,578 | 43,757,806 | 54,275,047 | 66,269,678 |

## 12.2 - اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (Balance Sheet)

**Balance Sheet**

Rs. in actuals

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 776,976 | 1,248,893 | 4,107,632 | 7,768,013 | 12,657,870 | 18,278,103 | 24,963,082 | 32,693,496 | 41,531,380 | 51,552,215 | 66,948,179 |
| Accounts receivable | - | 1,186,705 | 1,317,931 | 1,571,559 | 1,833,599 | 2,074,417 | 2,284,376 | 2,512,814 | 2,764,095 | 3,040,505 | 3,344,555 |
| Finished goods inventory | - | 1,035,898 | 1,195,013 | 1,375,712 | 1,580,077 | 1,716,914 | 1,867,402 | 2,032,850 | 2,214,750 | 2,414,743 | 2,634,633 |
| Equipment spare part inventory | 5,550 | 6,119 | 6,746 | 7,438 | 8,200 | 9,040 | 9,967 | 10,989 | 12,115 | 13,357 | - |
| Raw material inventory | 718,031 | 920,672 | 1,130,011 | 1,382,125 | 1,600,059 | 1,848,068 | 2,134,518 | 2,465,369 | 2,847,501 | 3,288,864 | - |
| Pre-paid annual land lease | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Pre-paid building rent | 105,000 | 115,500 | 127,050 | 139,755 | 153,731 | 169,104 | 186,014 | 204,615 | 225,077 | 247,585 | - |
| Pre-paid lease interest | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Pre-paid insurance | 5,775 | 4,620 | 3,465 | 2,310 | 1,155 | 9,301 | 7,441 | 5,580 | 3,720 | 1,860 | - |
| Total Current Assets | 1,611,332 | 4,518,408 | 7,887,848 | 12,246,912 | 17,834,690 | 24,104,946 | 31,452,800 | 39,925,713 | 49,598,638 | 60,559,127 | 72,927,367 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Land | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Building/Infrastructure | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Wapda Security | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Building security | 105,000 | 105,000 | 105,000 | 105,000 | 105,000 | 105,000 | 105,000 | 105,000 | 105,000 | 105,000 | 105,000 |
| Machinery & equipment | 2,220,000 | 1,998,000 | 1,776,000 | 1,554,000 | 1,332,000 | 1,110,000 | 888,000 | 666,000 | 444,000 | 222,000 | - |
| Furniture & fixtures | 206,750 | 186,075 | 165,400 | 144,725 | 124,050 | 103,375 | 82,700 | 62,025 | 41,350 | 20,675 | - |
| Office vehicles | 115,500 | 92,400 | 69,300 | 46,200 | 23,100 | 186,014 | 148,811 | 111,608 | 74,406 | 37,203 | - |
| Computer equipment | 40,000 | 26,800 | 13,600 | 46,705 | 31,024 | 15,744 | 54,067 | 35,915 | 18,225 | 62,589 | 41,576 |
| Office equipment | 2,500 | 2,000 | 1,500 | 1,000 | 500 | 3,191 | 2,553 | 1,914 | 1,276 | 638 | - |
| Total Fixed Assets | 2,689,750 | 2,410,275 | 2,130,800 | 1,897,630 | 1,615,674 | 1,523,323 | 1,281,131 | 982,462 | 684,257 | 448,105 | 146,576 |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 215,500 | 172,400 | 129,300 | 86,200 | 43,100 | - | - | - | - | - | - |
| Legal, licensing, & training costs | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Intangible Assets | 215,500 | 172,400 | 129,300 | 86,200 | 43,100 | - | - | - | - | - | - |
| **TOTAL ASSETS** | 4,516,582 | 7,101,083 | 10,147,948 | 14,230,742 | 19,493,465 | 25,628,269 | 32,733,931 | 40,908,175 | 50,282,895 | 61,007,232 | 73,073,943 |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Accounts payable | - | 830,636 | 1,004,187 | 1,169,791 | 1,355,469 | 1,497,481 | 1,651,241 | 1,821,016 | 2,008,507 | 2,215,603 | 2,287,683 |
| Export re-finance facility | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Short term debt | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Other liabilities | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Current Liabilities | - | 830,636 | 1,004,187 | 1,169,791 | 1,355,469 | 1,497,481 | 1,651,241 | 1,821,016 | 2,008,507 | 2,215,603 | 2,287,683 |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Lease payable | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Deferred tax | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 4,516,582 | 4,516,582 | 4,516,582 | 4,516,582 | 4,516,582 | 4,516,582 | 4,516,582 | 4,516,582 | 4,516,582 | 4,516,582 | 4,516,582 |
| Retained earnings | - | 1,753,865 | 4,627,179 | 8,544,369 | 13,621,413 | 19,614,207 | 26,566,108 | 34,570,578 | 43,757,806 | 54,275,047 | 66,269,678 |
| Total Equity | 4,516,582 | 6,270,447 | 9,143,761 | 13,060,951 | 18,137,995 | 24,130,789 | 31,082,690 | 39,087,160 | 48,274,388 | 58,791,629 | 70,786,260 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITI** | 4,516,582 | 7,101,083 | 10,147,948 | 14,230,742 | 19,493,465 | 25,628,269 | 32,733,931 | 40,908,175 | 50,282,895 | 61,007,232 | 73,073,943 |

*Note: Total assets value will differ from project cost due to first installment of leases paid at the start of year 0*

## 12.3۔ گردشِ نقد کا گوشوارہ (Cash Flow Statement)

**Cash Flow Statement**

Rs. in actuals

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | - | 1,753,865 | 2,873,314 | 3,917,190 | 5,077,044 | 5,992,794 | 6,951,901 | 8,004,470 | 9,187,228 | 10,517,242 | 11,994,631 |
| Add: depreciation expense | - | 279,475 | 279,475 | 279,475 | 281,956 | 281,556 | 295,797 | 298,668 | 298,205 | 298,205 | 301,529 |
| amortization expense | - | 43,100 | 43,100 | 43,100 | 43,100 | 43,100 | - | - | - | - | - |
| Deferred income tax | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Accounts receivable | - | (1,186,705) | (131,226) | (253,628) | (262,040) | (240,817) | (209,960) | (228,438) | (251,281) | (276,410) | (304,050) |
| Finished good inventory | - | (1,035,898) | (159,114) | (180,699) | (204,365) | (136,837) | (150,487) | (165,448) | (181,900) | (199,993) | (219,890) |
| Equipment inventory | (5,550) | (569) | (627) | (691) | (762) | (840) | (927) | (1,022) | (1,126) | (1,242) | 13,357 |
| Raw material inventory | (718,031) | (202,641) | (209,339) | (252,115) | (217,933) | (248,009) | (286,451) | (330,850) | (382,132) | (441,363) | 3,288,864 |
| Pre-paid building rent | (105,000) | (10,500) | (11,550) | (12,705) | (13,976) | (15,373) | (16,910) | (18,601) | (20,462) | (22,508) | 247,585 |
| Pre-paid lease interest | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Advance insurance premium | (5,775) | 1,155 | 1,155 | 1,155 | 1,155 | (8,146) | 1,860 | 1,860 | 1,860 | 1,860 | 1,860 |
| Accounts payable | - | 830,636 | 173,551 | 165,604 | 185,678 | 142,011 | 153,760 | 169,775 | 187,492 | 207,096 | 72,080 |
| Other liabilities | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by operations | (834,356) | 471,917 | 2,858,739 | 3,706,686 | 4,889,857 | 5,809,438 | 6,738,583 | 7,730,414 | 8,837,883 | 10,082,888 | 15,395,964 |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Change in long term debt | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Change in short term debt | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Change in export re-finance facility | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Add: land lease expense | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Land lease payment | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Change in lease financing | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 4,516,582 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Purchase of (treasury) shares | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by / (used for) financ | 4,516,582 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (2,905,250) | - | - | (46,305) | - | (189,205) | (53,604) | - | - | (62,053) | - |
| Acquisitions | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash (used for) / provided by invest | (2,905,250) | - | - | (46,305) | - | (189,205) | (53,604) | - | - | (62,053) | - |
| NET CASH | 776,976 | 471,917 | 2,858,739 | 3,660,381 | 4,889,857 | 5,620,233 | 6,684,979 | 7,730,414 | 8,837,883 | 10,020,835 | 15,395,964 |
| Cash balance brought forward | | 776,976 | 1,248,893 | 4,107,632 | 7,768,013 | 12,657,870 | 18,278,103 | 24,963,082 | 32,693,496 | 41,531,380 | 51,552,215 |
| Cash available for appropriation | 776,976 | 1,248,893 | 4,107,632 | 7,768,013 | 12,657,870 | 18,278,103 | 24,963,082 | 32,693,496 | 41,531,380 | 51,552,215 | 66,948,179 |
| Dividend | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash carried forward | 776,976 | 1,248,893 | 4,107,632 | 7,768,013 | 12,657,870 | 18,278,103 | 24,963,082 | 32,693,496 | 41,531,380 | 51,552,215 | 66,948,179 |

## 13۔ کلیدی مفروضے (Key Assumptions)

### 13.1۔ روزمرہ اخراجات کے مفروضات (Operating Cost Assumptions)

| تفصیلات | مندرجات |
|---|---|
| 8 گھنٹے | شفٹ کا دورانیہ |
| 1 روزانہ | شفٹ کی تعداد |
| 300 دن | کام کے دن سالانہ |

### 13.2۔ پیداواری لاگت کے مفروضات (Production Cost Assumptions)

| تفصیلات | مندرجات |
|---|---|
| 125 روپے | لاگت فی ڈبہ (50 پیس فی ڈبہ) |
| 10 فیصد | لاگت میں اضافہ کی شرح |
| 194,400 ڈبے | پیداواری استعداد سالانہ |
| 75 فیصد | قابل عمل استعداد پہلے سال میں |

### 13.3۔ آمدنی کے مفروضات (Revenue Assumptions)

| تفصیلات | مندرجات |
|---|---|
| 155 روپے | قیمت فروخت فی ڈبہ |
| 10 فیصد | قیمت فروخت میں اضافہ کی شرح سالانہ |

### 13.4۔ مالی مفروضات (Financial Assumptions)

| تفصیلات | مندرجات |
|---|---|
| 10 سال | منصوبہ کی مدت |
| 100:0 | قرض کا ذاتی سرمایہ کے ساتھ تناسب |

## 14۔ حوالہ جات (References)

1.https://www.onlineclothingstudy.com/2020/04/different-types-of-medical-masks.html

2.http://pbhealth.gov.in/Guidelines%20on%20use%20of%20masks%20for%20health%20care%20workers,%20patients%20and%20member%20of%20Public.pdf

3.https://www.edana.org/docs/default-source/publications/how-medical-masks-are-made-bottlenecks-and-solutions.pdf?sfvrsn=a8fb647c_7

4.https://www.slideshare.net/muralikrishnan71697092/respiratory-protection-face-masks-and-respirators

5.http://www.oecd.org/coronavirus/policy-responses/the-face-mask-global-value-chain-in-the-covid-19-outbreak-evidence-and-policy-lessons-a4df866d/